## آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا دورہ

لاہور، 1 جولائی 2025 — انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب، ڈاکٹر عثمان انور نے آج دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن و ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل، محمد ارشد علی فاروقی نے ان کا استقبال کیا۔

ملاقات خوشگوار اور غیر رسمی ماحول میں ہوئی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سید فرہاد علی شاہ نے آئی جی پنجاب، ڈاکٹر عثمان انور کو یادگاری سووینئر اور کتب کا تحفہ پیش کیا، جسے ڈاکٹر عثمان انور نے ادارہ جاتی تعاون اور احترام کی علامت قرار دیا۔

ڈاکٹر عثمان انور نے سید فرہاد علی شاہ کو بطور پراسیکیوٹر جنرل پنجاب اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے لیے ان کی انتھک محنت، قانونی اصلاحات، اور شفاف انصاف کی فراہمی کے لیے انجام دی گئی بے شمار خدمات پر خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ سید فرہاد علی شاہ کا کردار محکمہ پراسیکیوشن اور پولیس کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے میں قابلِ ستائش رہا ہے۔

یہ ملاقات ادارہ جاتی ہم آہنگی، باہمی اعتماد، اور تعاون کے فروغ کی ایک بہترین مثال ہے، جو صوبے میں قانون کی عملداری اور انصاف کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں معاون ثابت ہو گی